450

آیات نمبر 44 تا 53 میں قیامت کے دن منکرین کے انجام کا منظر۔ رسول اللہ (ﷺ) کو
تسلی کہ آپ کی ذمہ داری صرف اللہ کا پیغام پہنچا دینا ہے، آپ ان کے اعمال کے ذمہ دار
نہیں ہیں۔ اللہ جس کو چاہتا ہے بیٹیاں عطا فرماتا ہے اور جسے چاہتا ہے بیٹے عطا فرماتا ہے۔ کسی
بشر کا یہ مقام نہیں کہ اللہ اس سے براہ راست کلام کرے۔ اسی طرح رسول اللہ (ﷺ) پر
قرآن بذریعہ وحی نازل کیا گیا۔

وَ مَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ وَّلِيٍّ مِّنْۢ بَعْدِهٖ ؕ اور جس شخص کو اللہ ہی گمراہی میں
بھٹکتا ہوا چھوڑ دے تو اس کے بعد اس شخص کا کوئی کارساز نہیں وَ تَرَى الظّٰلِمِيْنَ لَمَّا
رَاَوُا الْعَذَابَ يَقُوْلُوْنَ هَلْ اِلٰى مَرَدٍّ مِّنْ سَبِيْلٍ ۚ﴿۴۴﴾ اے پیغمبر (ﷺ)! آپ
دیکھیں گے کہ جب ان نافرمانوں کو عذاب سامنے نظر آئے گا تو کہیں گے کہ کیا یہاں سے
واپس جانے کی کوئی صورت ہے؟ وَ تَرٰىهُمْ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا خٰشِعِيْنَ مِنَ الذُّلِّ
يَنْظُرُوْنَ مِنْ طَرْفٍ خَفِيٍّ ؕ اور آپ دیکھیں گے کہ یہ لوگ آگ کے سامنے اس حال
میں لائے جائیں گے کہ ذلت کے مارے جھکے ہوئے ہوں گے اور نظریں بچا کر آگ کو دیکھ
رہے ہوں گے وَ قَالَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنَّ الْخٰسِرِيْنَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْۤا
اَنْفُسَهُمْ وَ اَهْلِيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اس وقت اہل ایمان کہیں گے کہ اصل خسارے
میں تو وہ لوگ رہے جنہوں نے قیامت کے دن خود کو اور اپنے اہل و عیال کو خسارے میں
ڈال دیا اَلَاۤ اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ فِيْ عَذَابٍ مُّقِيْمٍ ﴿۴۵﴾ آگاہ رہو! ظلم کرنے والے دائمی
عذاب میں مبتلا رہیں گے وہ لوگ جو کفر و شرک میں مبتلا رہے وَ مَا كَانَ لَهُمْ مِّنْ
اَوْلِيَآءَ يَنْصُرُوْنَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ وَ مَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ سَبِيْلٍ ﴿۴۶﴾
وہاں ان کے کوئی ایسے حمائتی نہ ہوں گے جو اللہ کے مقابلہ میں ان کی مدد کر سکیں، اور جس

شخص کو اللہ ہی گمراہی میں بھٹکتا ہوا چھوڑ دے تو اس کے لئے نجات کی کوئی صورت نہیں
اِسْتَجِيْبُوْا لِرَبِّكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ ؕ اے لوگو!
اپنے رب کا حکم مان لو اس سے پہلے کہ اللہ کی طرف سے وہ دن آجائے جس کے ٹلنے کی کوئی
صورت نہیں مَا لَكُمْ مِّنْ مَّلْجَاٍ يَّوْمَئِذٍ وَّمَا لَكُمْ مِّنْ نَّكِيْرٍ ﴿۴۷﴾ اس دن تمہارے
لئے نہ کوئی جائے پناہ ہوگی اور نہ ہی تم اپنے گناہوں کا انکار کر سکو گے فَاِنْ اَعْرَضُوْا
فَمَاۤ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ؕ اِنْ عَلَيْكَ اِلَّا الْبَلٰغُ ؕ اگر یہ لوگ پھر بھی
روگردانی کریں تو ہم نے آپ کو ان پر نگران بنا کر نہیں بھیجا، آپ کا کام صرف ہمارا پیغام
پہنچا دینا ہے وَاِنَّاۤ اِذَاۤ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً فَرِحَ بِهَا ۚ اور جب ہم انسان کو
اپنی رحمت کا مزا چکھاتے ہیں تو وہ خوش ہو جاتا ہے وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ
اَيْدِيْهِمْ فَاِنَّ الْاِنْسَانَ كَفُوْرٌ ﴿۴۸﴾ اور جب لوگوں پر اپنے کئے ہوئے اعمال کی وجہ
کوئی مصیبت آجاتی ہے تو وہ ناشکری کرنے لگتے ہیں، بے شک انسان بڑا ہی ناشکر گزار ہے
لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ؕ يَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ اِنَاثًا وَّ
يَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ الذُّكُوْرَ ﴿۴۹﴾ آسمانوں اور زمین کی سلطنت اللہ ہی کے لئے ہے، وہ جو
چاہتا ہے پیدا کرتا ہے، جسے چاہتا ہے صرف بیٹیاں عطا کرتا ہے اور جسے چاہتا صرف بیٹے دیتا
ہے اَوْ يُزَوِّجُهُمْ ذُكْرَانًا وَّاِنَاثًا ۚ وَيَجْعَلُ مَنْ يَّشَآءُ عَقِيْمًا ؕ اِنَّهٗ عَلِيْمٌ
قَدِيْرٌ ﴿۵۰﴾ اور جسے چاہتا ہے بیٹے اور بیٹیاں ملا جلا کر دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے بے اولاد رکھتا
ہے، وہ بڑے علم والا اور بڑی قدرت والا ہے وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا
وَحْيًا اَوْ مِنْ وَّرَآئِ حِجَابٍ اَوْ يُرْسِلَ رَسُوْلًا فَيُوْحِيَ بِاِذْنِهٖ مَا يَشَآءُ ؕ اِنَّهٗ

عَلِيٌّ حَكِيۡمٌ ﴿۵۱﴾ اور کسی انسان کا یہ مقام نہیں ہے کہ اللہ اس سے روبرو بات کرے مگر
الہام کے ذریعے سے یا پردے کے پیچھے سے یا کوئی فرشتہ بھیج دے اور وہ اللہ کے حکم سے
جو اللہ چاہے وحی کرے، بے شک وہ بلند مرتبہ اور بڑی حکمت والا ہے وَ كَذٰلِكَ
اَوۡحَيۡنَاۤ اِلَيۡكَ رُوۡحًا مِّنۡ اَمۡرِنَا ؕ اے پیغمبر (ﷺ)! اسی طرح ہم نے اپنے حکم
سے آپ کی طرف روح القدس کے ذریعہ سے قرآن بھیجا ہے مَا كُنۡتَ تَدۡرِىۡ مَا
الۡكِتٰبُ وَلَا الۡاِيۡمَانُ وَلٰـكِنۡ جَعَلۡنٰهُ نُوۡرًا نَّهۡدِىۡ بِهٖ مَنۡ نَّشَآءُ مِنۡ عِبَادِنَا ؕ
وگرنہ اس سے پہلے نہ تو آپ کو یہ خبر تھی کہ کتاب کیا ہے اور ایمان کیا ہوتا ہے، لیکن ہم
نے قرآن کو ایک ایسا نور بنایا ہے کہ اس کے ذریعہ ہم اپنے بندوں میں سے جسے چاہتے ہیں
سیدھی راہ دکھاتے ہیں وَاِنَّكَ لَتَهۡدِىۡۤ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسۡتَقِيۡمٍ ﴿۵۲﴾ اور اس میں شک
نہیں کہ آپ لوگوں کو سیدھے راستے کی طرف ہدایت کرنے والے ہیں صِرَاطِ اللّٰهِ
الَّذِىۡ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الۡاَرۡضِ ؕ اَلَاۤ اِلَى اللّٰهِ تَصِيۡرُ الۡاُمُوۡرُ ﴿۵۳﴾ اس
اللہ کا راستہ جو آسمانوں اور زمین کی ہر چیز کا مالک ہے اور یاد رکھو کہ تمام امور آخری فیصلہ
کے لئے صرف اللہ ہی کے حضور پیش کئے جاتے ہیں رکوع [۵]

[#450]

Verses 44 to 53 describe the fate of the disbelievers On the Day of Judgment. The Prophet Muhammad [peace be upon him] is reassured that his responsibility is only to convey Allah's message; he is not accountable for their deeds. Allah gives daughters to whomever He so wills and sons to whomever He so wills. It is not for any human to speak directly with Allah, except through revelation. Likewise, the Quran was revealed to the Prophet Muhammad [peace be upon him] through divine revelation.

وَمَنۡ یُّضۡلِلِ اللّٰہُ فَمَا لَہٗ مِنۡ وَّلِیٍّ مِّنۡۢ بَعۡدِہٖ ؕ

And whomever Allah leaves to stray, for him there is no patron after Him [to guide him upon the right path].

وَتَرَى الظّٰلِمِيۡنَ لَمَّا رَاَوُا الۡعَذَابَ يَقُوۡلُوۡنَ هَلۡ اِلٰى مَرَدٍّ مِّنۡ سَبِيۡلٍ ۚ﴿۴۴﴾

[On the Day of Judgenent] you will see the wrongdoers, when they face the punishment [of Hellfire], saying, "Is there any way for us to return [back to the world]?"

وَتَرٰىهُمۡ يُعۡرَضُوۡنَ عَلَيۡهَا خٰشِعِيۡنَ مِنَ الذُّلِّ يَنۡظُرُوۡنَ مِنۡ طَرۡفٍ خَفِيٍّ ؕ

And you will see them being exposed to the fire, bent down in humiliation, looking [around] with a furtive glance.

وَ قَالَ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡۤا اِنَّ الۡخٰسِرِیۡنَ الَّذِیۡنَ خَسِرُوۡۤا
اَنۡفُسَهُمۡ وَ اَهۡلِیۡهِمۡ یَوۡمَ الۡقِیٰمَةِ ؕ

[At that time], the believers shall say, "Indeed, the [real] losers are those who have lost their soul and their families on the Day of Resurrection."

اَلَاۤ اِنَّ الظّٰلِمِیۡنَ فِیۡ عَذَابٍ مُّقِیۡمٍ ﴿۴۵﴾

Most surely, the wrongdoers shall be in everlasting punishment.

وَ مَا کَانَ لَهُمۡ مِّنۡ اَوۡلِیَآءَ یَنۡصُرُوۡنَهُمۡ مِّنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ ؕ وَ
مَنۡ یُّضۡلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنۡ سَبِیۡلٍ ﴿ؕ۴۶﴾

They shall have no patrons to help them apart from Allah. Thus, whomever Allah leaves to stray, for him there is no way out.

اِسۡتَجِيۡبُوۡا لِرَبِّكُمۡ مِّنۡ قَبۡلِ اَنۡ يَّاۡتِىَ يَوۡمٌ لَّا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ
اللّٰهِ‌ؕ

[O people!] Respond to your Lord before there comes a Day [of Reckoning] from Allah that cannot be averted.

مَا لَـكُمۡ مِّنۡ مَّلۡجَاٍ يَّوۡمَـئِذٍ وَّمَا لَـكُمۡ مِّنۡ نَّكِيۡرٍ‏ ﴿۴۷﴾

On that Day, there will be no refuge for you, nor will you be able to deny [your sins].

فَاِنۡ اَعۡرَضُوۡا فَمَاۤ اَرۡسَلۡنٰكَ عَلَيۡهِمۡ حَفِيۡظًا‌ ؕ اِنۡ عَلَيۡكَ
اِلَّا الۡبَلٰغُ‌ ؕ

But if they [still] turn away, then [know that] We have not sent you [O Prophet!] as a guardian over them. Upon you is only [the duty of] conveying Our message.

وَ اِنَّاۤ اِذَاۤ اَذَقۡنَا الۡاِنۡسَانَ مِنَّا رَحۡمَةً فَرِحَ بِهَا ۚ

And when We let man taste mercy from Us, he rejoices because of it.

وَ اِنۡ تُصِبۡهُمۡ سَيِّئَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتۡ اَيۡدِيۡهِمۡ فَاِنَّ الۡاِنۡسَانَ كَفُوۡرٌ ﴿۴۸﴾

But when an affliction befalls [any of] them because of what their own hands have sent forth, then Indeed, man is ungrateful.

لِلّٰهِ مُلۡكُ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ ؕ يَخۡلُقُ مَا يَشَآءُ ؕ يَهَبُ لِمَنۡ يَّشَآءُ اِنَاثًا وَّيَهَبُ لِمَنۡ يَّشَآءُ الذُّكُوۡرَ ﴿۴۹﴾ۙ

To Allah [alone] belongs all dominion over the heavens and the earth. He creates whatever He so wills. He grants female [children] to whomever He so wills, and He grants male [children] to whomever He so wills.

اَوۡ يُزَوِّجُهُمۡ ذُكۡرَانًا وَّ اِنَاثًا‌ ۚ وَ يَجۡعَلُ مَنۡ يَّشَآءُ
عَقِيۡمًا‌ ؕ اِنَّهٗ عَلِيۡمٌ قَدِيۡرٌ‏ ﴿۵۰﴾

Or He gives both males and females [to whomever He wills so], or He makes barren to whomever He so wills. Indeed, He is All-Knowing, All-Powerful.

وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنۡ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا وَحۡيًا اَوۡ مِنۡ وَّرَآىٴِ
حِجَابٍ اَوۡ يُرۡسِلَ رَسُوۡلًا فَيُوۡحِىَ بِاِذۡنِهٖ مَا يَشَآءُ‌ ؕ اِنَّهٗ عَلِىٌّ
حَكِيۡمٌ‏ ﴿۵۱﴾

And it is not for any human being that Allah should speak to him [directly], except by Revelation or from behind a veil, or by sending a messenger (angel) to reveal–by His permission--whatever He so wills. Indeed, He is Most High, All-Wise.

وَ كَذٰلِكَ اَوۡحَيۡنَاۤ اِلَيۡكَ رُوۡحًا مِّنۡ اَمۡرِنَا ؕ

And [O Prophet!] thus have We revealed to you [the Quran] by Our command.

مَا كُنۡتَ تَدۡرِىۡ مَا الۡكِتٰبُ وَلَا الۡاِيۡمَانُ وَلٰـكِنۡ جَعَلۡنٰهُ
نُوۡرًا نَّهۡدِىۡ بِهٖ مَنۡ نَّشَآءُ مِنۡ عِبَادِنَا ؕ

For before this, you had no knowledge of what the [Divine] Book was or [what Heavenly] faith [was]. But We made it [the Quran], a light by which We guide whomever We so will, from among Our servants.

وَاِنَّكَ لَتَهۡدِىۡۤ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسۡتَقِيۡمٍ ۙ ﴿۵۲﴾

And indeed, [thereby] you are guiding [the people] to the straight path [of salvation].

صِرَاطِ اللّٰهِ الَّذِىۡ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الۡاَرۡضِؕ

اَلَاۤ اِلَى اللّٰهِ تَصِيۡرُ الۡاُمُوۡرُ ۝٥٣ رکوع [۵]

The path of Allah, the One, to whom belongs all that is in the Heavens and all that is in the Earth. Most surely, all matters return to Allah [alone] [for the final decision].